# عددوں کا چھوٹا بڑا پن

## دو عددوں کا چھوٹا بڑا پن :

- ہر چوکون کے چھوٹے عدد کے اطراف دائرہ بناؤ۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰ ، ۲ | ۹ ، ۱ | ۸ ، ۳ |


- ہر چوکون کے بڑے عدد کے اطراف دائرہ بناؤ۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ ، ۹ | ۷ ، ۲ | ۷ ، ۴ |

## چھوٹا بڑا پن بتانے والی علامتوں کی پہچان :

* عددوں کا چھوٹا بڑا پن دکھانے کے لیے '>' یا '<' علامت کا استعمال کیا جاتا ہے۔
ان کا مطلب اور ان کا استعمال نیچے دی ہوئی مثالوں سے سمجھیں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰ > ۲ | ۱ < ۹ | ۳ < ۷ |
| ۲۰ بڑا ہے ۲ سے | ۱ چھوٹا ہے ۹ سے | ۳ چھوٹا ہے ۷ سے |
| ۲ < ۲۰ | ۹ > ۱ | ۷ > ۳ |
| ۲ چھوٹا ہے ۲۰ سے | ۹ بڑا ہے ۱ سے | ۷ بڑا ہے ۳ سے |

۲ 

گھڑیال لالچی ہے بڑے عدد کو کھاتا ہے۔

* اگر دو ہندسی دو عدد لیے جائیں تو ان عددوں کا چھوٹا بڑا پن کس طرح پہچانیں گے؟



جس عدد کے دہائی کا ہندسہ بڑا وہ عدد بڑا۔

شاہد : اب ہم ۳۷ اور ۵۲ کو دیکھیں گے۔ ۳۷ میں ۳ دہائی ہے تو ۵۲ میں ۵ دہائی۔ اس لیے ۵۲>۳۷
یعنی ۳۷<۵۲

رضیہ : ٹھیک ہے! جب ہم ناپ پٹّی پر عدد گنتے ہیں تو ۳۷ پہلے آتا ہے اور بعد میں ۵۲۔ بعد میں آنے والے تمام عدد بڑے ہوتے ہیں۔ اگر دونوں عددوں کی دہائی ایک جیسی ہو تو؟



دہائی ایک جیسی ہو تو اکائی کا عدد دیکھ کر طے کیا جائے۔

شاہد : ہم ۷۲ اور ۷۸ دیکھیں گے۔ ۲ < ۸ اس لیے ۷۲ < ۷۸


**عددوں کو توسیعی صورت میں لکھ کر عددوں کا چھوٹا بڑا پن پہچاننے کے اصول دیکھیں گے۔**

۴۳ اس عدد میں دہائی کے مقام پر ۴ ہے تو
۲۸ اس عدد میں دہائی کے مقام پر ۲ ہے۔


۴۳ > ۲۸

۲۸ اور ۴۳ →

۴۳ = ۴۰ + ۳



۲۸ = ۲۰ + ۸




دونوں عددوں کے دہائی کے مقام پر ایک جیسا عدد ۳ ہے لیکن ۳۳ میں اکائی کے مقام پر ۳ ہے اور ۳۱ میں اکائی کے مقام پر ۱ ہے۔


۳۱ < ۳۳

۳۳ اور ۳۱ →

۳۱ = ۳۰ + ۱



۳۳ = ۳۰ + ۳



اب نیچے دیے ہوئے عددوں کی جوڑیوں میں چھوٹا اور بڑا عدد پہچان کر < یا > کی علامت لگاؤ۔

| | | |
|---|---|---|
| ۶۷ ، ۵۷ | ۸۴ ، ۸۶ | ۴۳ ، ۴۶ |
| | | ۴۳ < ۴۶ |
| ۲۳ ، ۳۲ | ۱۳ ، ۹ | ۳۰ ، ۵۰ |
| | | |

**کر کے دیکھو** : مختلف عددوں کی ۱۰ جوڑیاں لو اور ان عددوں کا چھوٹا بڑا پن طے کرو۔

4EUDZA